بہترین فلمی تحفہ

दिल ही तो है

# دل ہی تو ہے

اداکاران

راج کپور ۔ نوتن
پران ۔ نظیر حسین

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# دل ہی تو ہے کے گانے

گانا نمبر ۱

دل جو کہے گا مانیں گے
دنیا میں ہمارا دل ہی تو ہے
ہر حال میں جس نے ساتھ دیا
وہ ایک ہمارا دل ہی تو ہے
کوئی ساتھی نہ کوئی سہارا
کوئی منزل نہ کوئی کنارا
رک گئے جس جگہ دل رکا
چل دیئے جس طرف دل پکارا
ہم پیار کے پیاسے لوگوں کی
منزل کا اشارہ دل ہی تو ہے
ہار مانی نہیں زندگی سے
ہنس کے ملتے رہے ہر کسی سے
کیوں نہ اس دل پہ قربان ہو جائیں
سہہ لیئے جس نے غم بھی خوشی سے
اپنی زندگی کے سہارے ہم نے دن زندگی کے گزارے
ورنہ اس بے مروت جہاں سے
اور قسمت میں کیا ہے ہمارے

ہر چیز ہے دولت والوں کی
مفلس کا سہارا دل ہی تو ہے

گانا نمبر ۲: جیرالے: تم کو یہ موسم سہانا
کبھی دلدلوں میں اکیلی نہ جانا
جب تنہا لگے مجھکو یہ موسم سہانا
میں جاؤں گی تم میرے پیچھے نہ آنا
بہک جائیگا کوئی بیباک جھونکا
جوانی کی رو میں نہ آنسو بہانا
میرے واسطے تم پریشاں نہ ہونا
مجھے خوب آتا ہے دامن بچانا
گھٹا بھی کبھی جھوم لیتی ہے چہرہ
سمجھ سوچ کے رخ سے زلفیں ہٹانا
گھٹا میرے نزدیک آ کے خود دیکھے
ان آنکھوں نے سیکھا ہے بجلی گرانا
تم ایک پھول ہو کہاں تم کو ڈھونڈوں گا
کہیں مل کے پھولوں میں گم نہ ہو جانا
جو پھولوں سی رنگت ملی بھی تو کیا ہے
جدا میری خوشبو جدا مسکرانا

گانا نمبر ۳ تم اگر مجھکو نہ چاہو تو کوئی بات نہیں
تم کسی اور کو چاہو گی تو مشکل ہوگی
اب اگر میل نہیں تو جدائی بھی نہیں

بات توڑی بھی نہیں بات نبھائی بھی نہیں
یہ سہارا بھی بہت ہے میرے جینے کے لیے
تم اگر میری بھی نہیں ہو تو پرائی بھی نہیں
میرے دل کو نہ سراہو گی تو کوئی بات نہیں
غیر کے دل کو سراہو گی تو مشکل ہو گی

تم حسین ہو تمہیں سبھی پیار ہی کرتے ہوں گے
میں جو مرتا ہوں تو کیا اور بھی مرتے ہوں گے
سب کی آنکھوں میں اسی شوق کا طوفان ہو گا
سب کے سینوں میں بھی درد ابھرتے ہوں گے
میرے غم میں نہ بھی گلہ ہو تو کوئی بات نہیں
اور کے غم میں گلہ ہو گا تو مشکل ہو گی

پھول کی طرح تم سب کی نگاہوں میں رہو
اپنی معصوم جوانی کی پناہوں میں رہو
مجھ کو وہ دن نہ دکھانا تمہیں اپنی ہی قسم
تم اگر مجھ سے نہ نبھاؤ تو کوئی بات نہیں
کسی دشمن سے نبھاؤ گی تو مشکل ہو گی

گانا نمبر ۹: ۔ لاگا چنریا پہ داغ
چھپاؤں کیسے گھر جاؤں کیسے ۔ لاگا ۔
میلی ہو گئی میری چنریا
کورے بدن پہ کوری چنریا
جا کے بابل سے نظریں ملاؤں کیسے ۔ لاگا ۔

گوری مجھ پیا آتما موری مل ہے بنا باجال
وہ دِنا میرے بابل کے گھر یہ دِنا سسرال
جائے بابل سے نظریں —

گانا نمبر ۵ ۔ غصے میں جو نکھر آئے
اس حسن کا کیا کہنا
کچھ دیر ابھی ہم سے تم یوں ہی خفا رہنا
اس حسن کے شعلے کی تصویر بنالیں ہم
ان گرم نگاہوں کو سینے سے لگالیں ہم
پل بھر اسی عالم میں اے جان ادا رہنا
یہ دہکا ہوا چہرہ یہ بکھری ہوئی زلفیں
یہ بڑھتی ہوئی دھڑکن یہ رکتی ہوئی سانسیں
سامنے دنیا ہو تم سامنے تھا رہنا
پہلے بھی حسین تھی تم لیکن یہ حقیقت ہے
وہ حسن نیا منت تھا یہ حسن مصیبت ہے
اوروں سے تو بڑھ کر ہو خود سے ہی سوا رہنا

گانا نمبر ۶ ۔ تمہاری مست نگاہ گر ادھر نہ ہوتی
نشے میں چور فضا اس قدر نہیں ہوتی
تمہیں کو دیکھنے کی دل میں آرزوئیں ہیں
تمہارے آگے ہی اونچی نظر نہیں ہوتی
خفا نہ ہونا اگر بڑھ کے تھام لوں دامن
یہ دل فریب خطا جان کر نہیں ہوتی

تمہارے آنے تلک ہم کو ہوش رہتی ہے
پھر اس کے بعد تو اپنی خبر نہیں ہوتی
گانا مرے پیار کی بات ہے محفل میں کہیں یا نہ کہیں
بس گیا ہے کوئی دل میں کہیں یا نہ کہیں
نگاہیں ملانے کو جی چاہتا ہے
دل و جان لٹانے کو جی چاہتا ہے
وہ تہمت جسے عشق کہتی ہے دنیا
وہ تہمت اٹھانے کو جی چاہتا ہے
کسی کو منانے میں لذت وہ پائی
کہ پھر روٹھ جانے کو جی چاہتا ہے
وہ جلوا جو اوجھل بھی ہے سامنے بھی
وہ جلوا چرانے کو جی چاہتا ہے
جس گھڑی میری نگاہوں کو تیری دید ہوئی
وہ گھڑی میرے لیے عشق کی تصویر ہوئی ہے
جب کبھی میں نے ترا چاند سا چہرا دیکھا
عید ہو یا کہ نہ ہو میرے لیے عید ہوئی
ملاقات کا کوئی پیغام دیجیے
کہ چھپ چھپ کے آنے کو جی چاہتا ہے
اور آ کے نہ جانے کو جی چاہتا ہے
نگاہیں ملانے کو جی چاہتا ہے
بھولے سے محبت کر بیٹھا ناداں تھا بچارا دل ہی تو ہے

ہر دل سے خطا ہو جاتی ہے
مگر ہو نہ خدارا دل ہی تو ہے
اس طرح نگاہیں مت پھیرئے
ایسا نہ ہو کہ دھڑکن رک جائے
سینے میں کوئی پتھر تو نہیں
احساس کا مارا دل ہی تو ہے
بیداد گروں کی بستی ہے اب سینے سہلنے جور ہوئے
اب دل کا سہارا غم ہی تو ہے
تمہاری نگاہ گر ادھر نہیں ہوتی
نشے میں چور فضا اس قدر نہیں ہوتی
پردہ اٹھے سلام ہو جائے
بات بن جائے کام ہو جائے چاند بادل میں چھپے گا کب
کب تک ہوں بیتاب تم بے خواب کیوں نہ دیدار عام ہو جائے
اے حبیب میرا تجھ کو سلام
عشق بدنام نہ ہو جائے شوق ناکام نہ ہو جائے
دل پہ غیروں کا اجارہ ہو
کیسے یہ ہم کو گوارا ہو
سینکڑوں غم سہہ چکے تم اب فیصلہ عام ہو جائے
پردہ اٹھے سلام ہو جائے

ختم شد

# صنعت وحرفت ٹیکنیکل اور میکینک
## دستکاری اور
# مستری بنانے والی کتابیں

| | |
|---|---|
| الیکٹرک گائیڈ 4/-/- | کپڑے رنگنے کا ہنر 2/-/- |
| ورکشاپ گائیڈ 4/-/- | مکمل فوٹو گرافی 2/8/- |
| موٹر گائیڈ 4/-/- | روشنائی سازی 2/-/- |
| کروڈ آئیل 5/-/- | خوبصورت نمو 1/8/- |
| تیل عطر سازی 2/-/- | شیشہ سازی 2/-/- |
| گھڑی سازی 2/8/- | اچار مربے چٹنی 1/8/- |
| ریڈیو گائیڈ 4/-/- | باورچی خانہ 2/8/- |
| صابون سازی 1/8/- | مجموعہ غرفا نامہ 1/-/- |
| ڈیزل ماڈرن 6/-/- | لکچر گائیڈ 4/-/- |
| الیکٹرک وائرنگ 4/-/- | منتری بیماکین خوب 1/4/- |
| خراد شکشا 3/-/- | کپڑے دھونے کا ہنر 2/-/- |
| آئیل انجن گائیڈ 7/-/- | کاشتکاری یا باغبانی 4/-/- |
| تمباکو کی دکان 2/-/- | بیکری بسکٹ بنانا 2/-/- |
| بوٹ پالش بنانا 2/8/- | آسان انگلش ٹیچر 2/-/- |
| سینما مشین آپریٹر 4/-/- | دھوپ اگربتی بنانا 1/8/- |

**زین اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی**

(سو دیشی تصویر پریس دہلی)